روزنامہ MUAWAN-E-WUAKLA
معاون وکلاء پاکپتن
بانی علی ہادی کوثر
چیف ایڈیٹر سیدہ عاقبہ بتول
ایڈیٹر روحیل اکبر




اہتمام، روحیل اکبر

# اشاعت خاص

رپورٹ۔میاں آصف اسحاق








## ساہیوال میں پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت مکمل ہونے والے منصوبے

# بدترین ناکامی کی علامت بن گئے

ساہیوال شہر میں پنجاب ڈیویلپمنٹ پروگرام کے تحت کروڑوں روپے کی لاگت سے مکمل کیے گئے متعدد ترقیاتی منصوبے مون سون کی ابتدائی بارشوں کے بعد ہی اپنی افادیت کھو بیٹھے ہیں۔شہر کے مختلف علاقوں میں سڑکیں بری طرح بیٹھ چکی ہیں، زمین جگہ جگہ پھٹ گئی ہے، گہرے شگاف نمودار ہو گئے ہیں جبکہ کئی مقامات پر گاڑیاں سڑک میں دھنسنے کے واقعات نے شہریوں میں شدید تشویش پیدا کر دی ہے۔متاثرہ مقامات کی تصاویر اور دیگر شواہد اس امر کی واضح عکاسی کرتے ہیں کہ کئی جگہوں پر سڑکیں اس انداز سے دھنس چکی ہیں کہ منظر کسی قدرتی آفت کے بعد کے حالات کا گمان دیتا ہے۔بعض مقامات پر زمین اس طرح شق ہو چکی ہے جیسے برسوں پرانی بوسیدہ تعمیرات اچانک زمین میں دھنس گئی ہوں، جس کے باعث شہریوں کو آمدورفت میں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔شہریوں کا کہنا ہے کہ ترقیاتی منصوبوں کا مقصد عوام کو سہولت فراہم کرنا تھا، مگر ناقص منصوبہ بندی، مبینہ کمزور تعمیراتی معیار اور غیر مؤثر نگرانی نے ان منصوبوں کو عوام کے لیے مسلسل اذیت میں بدل دیا ہے۔ پہلے انہی ترقیاتی کاموں کے دوران طویل عرصہ تک سڑکوں کی بندش، گرد و غبار، ٹریفک جام اور کاروباری نقصان نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنائے رکھی، جبکہ اب انہی منصوبوں کی خراب حالت نے روزمرہ زندگی مزید مشکل بنا دی ہے۔شہری حلقوں کا مؤقف ہے کہ اگر منصوبوں کی تکمیل کے دوران معیار، انجینئرنگ اصولوں اور تعمیراتی ضوابط پر مکمل عمل درآمد کیا جاتا تو چند بارشیں اربوں روپے کے منصوبوں کو اس حالت میں نہ پہنچاتیں۔عوام کا سوال ہے کہ آخر وہ کون سے عوامل تھے جن کے باعث اتنی بھاری سرکاری سرمایہ کاری کے باوجود سڑکیں چند ماہ یا چند بارشوں کا بوجھ بھی برداشت نہ کر سکیں۔سماجی، تجارتی اور شہری حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ پنجاب حکومت، متعلقہ محکمے اور اعلیٰ انتظامیہ فوری طور پر ان منصوبوں کا غیر جانبدارانہ تکنیکی آڈٹ کرائیں، تعمیراتی معیار، استعمال ہونے والے میٹریل، نگرانی کرنے والے افسران، متعلقہ کنٹریکٹرز اور ادائیگیوں کا مکمل ریکارڈ سامنے لایا جائے۔ اگر کسی بھی سطح پر غفلت، ناقص تعمیر یا قواعد و ضوابط کی خلاف ورزی ثابت ہو تو ذمہ داران کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ قومی خزانے کے تحفظ کے ساتھ آئندہ ایسے واقعات کی روک تھام ممکن ہو سکے۔شہریوں نے متاثرہ سڑکوں اور دھنسے ہوئے مقامات کی فوری مرمت کا بھی مطالبہ کیا ہے تاکہ کسی بڑے حادثے سے قبل عوام کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔

سیدہ عاقبہ بتول نے ایم آر تجمل پرنٹرز تجمل ٹاور دربار مارکیٹ لاہور سے چھپوا کر H1-14 واپڈا ٹاؤن لاہور سے شائع کیا پاکپتن دفتر۔الکمال منزل کمیر روڈ پاکپتن نمبر۔03004821200